احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کیلئے

جمعرات 15 جنوری 2004ء

روزنامہ ٹیلی فون نمبر 213029 C.P.L 29

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

جمعرات 15 جنوری 2004ء 22 ذیقعد 1424 ہجری-15 صلح 1383 ہش جلد 54-89 نمبر 13

اولین کلمات

حضرت ابن عباسؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:۔ سب سے اولین کلمات جو اللہ تعالیٰ نے لکھے وہ یہ تھے کہ میں اللہ ہوں میرے سوا کوئی معبود نہیں۔ میری رحمت میرے غضب پر غالب ہے۔

(فردوس الاخبار جلد اول ص45 حدیث نمبر 1)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

شرک ایسی چیز ہے کہ جو انسان کو اس کے اصل مقصد سے ہٹا کر جہنم کا وارث بنا دیتا ہے۔ شرک کی کئی قسم ہیں۔ ایک تو وہ موٹا اور صریح شرک ہے جس میں ہندو، عیسائی یہود اور دوسرے بت پرست لوگ گرفتار ہیں جن میں کسی انسان یا پتھر یا اور بے جان چیزوں یا قوتوں یا خیالی دیویوں اور دیوتاؤں کو خدا بنا لیا گیا ہے؛ اگرچہ یہ شرک ابھی تک دنیا میں موجود ہے، لیکن یہ زمانہ روشنی اور تعلیم کا کچھ ایسا زمانہ ہے کہ عقلیں اس قسم کے شرک کو نفرت کی نگاہ سے دیکھنے لگ گئی ہیں۔ یہ جدا امر ہے کہ وہ قومی مذہب کی حیثیت سے بظاہر ان بے ہودگیوں کا اقرار کریں، لیکن دراصل بالطبع لوگ ان سے متنفر ہوتے جاتے ہیں، مگر ایک اور قسم کا شرک ہے جو مخفی طور پر زہر کی طرح اثر کر رہا ہے اور وہ اس زمانہ میں بہت بڑھتا جاتا ہے اور وہ یہ ہے کہ خدا تعالیٰ پر بھروسہ اور اعتماد بالکل نہیں رہا۔

ہم یہ ہرگز نہیں کہتے اور نہ ہمارا یہ مذہب ہے کہ اسباب کی رعایت بالکل نہ کی جاوے کیونکہ خدا تعالیٰ نے رعایت اسباب کی ترغیب دی ہے اور اس حد تک جہاں تک یہ رعایت ضروری ہے۔ اگر رعایت اسباب نہ کی جاوے تو انسانی قوتوں کی بے حرمتی کرنا اور خدا تعالیٰ کے ایک عظیم الشان فعل کی توہین کرنا ہے، کیونکہ ایسی حالت میں جبکہ بالکل رعایت اسباب کی نہ کی جاوے، ضروری ہوگا کہ تمام قوتوں کو جو اللہ تعالیٰ نے انسان کو عطا کی ہیں بالکل بے کار چھوڑ دیا جاوے اور ان سے کام نہ لیا جاوے۔ اور ان سے کام نہ لینا اور ان کو بے کار چھوڑ دینا خدا تعالیٰ کے فعل کو لغو اور عبث قرار دینا ہے۔ جو بہت بڑا گناہ ہے۔ پس ہمارا یہ منشاء اور مذہب ہرگز نہیں کہ اسباب کی رعایت بالکل ہی نہ کی جاوے، بلکہ رعایت اسباب اپنی حد تک ضروری ہے۔ آخرت کے لئے بھی اسباب ہی ہیں۔ خدا تعالیٰ کے احکام کی بجا آوری اور بدیوں سے بچنا اور دوسری نیکیوں کو اختیار کرنا اس لئے ہے کہ اس عالم اور دوسرے عالم میں سکھ ملے، تو گویا یہ نیکیاں اسباب کے قائم مقام ہیں۔

اسی طرح پر یہ بھی خدا تعالیٰ نے منع نہیں کیا کہ دنیوی ضرورتوں کے پورا کرنے کے لئے اسباب کو اختیار کیا جاوے۔ نوکری والا نوکری کرے۔ زمیندار اپنی زمینداری کے کاموں میں رہے۔ مزدور مزدوریاں کریں تا وہ اپنے عیال و اطفال اور دوسرے متعلقین اور اپنے نفس کے حقوق کو ادا کرسکیں۔ پس ایک جائز حد تک یہ سب درست ہے اور اس کو منع نہیں کیا جاتا، لیکن جب انسان حد سے تجاوز کر کے اسباب ہی پر پورا بھروسہ کرے اور سارا دارومدار اسباب پر ہی جا ٹھہرے تو وہ شرک ہے جو انسان کو اس کے اصل مقصد سے دور پھینک دیتا ہے۔

(ملفوظات جلد دوم ص 56)

سو سال قبل 1904ء

حضرت مسیح موعود مقدمہ کرم دین کے سلسلہ میں گورداسپور گئے ہوئے تھے اور واپسی پر بٹالہ قیام فرما تھے۔ 15 جنوری 1904ء کو حضور واپس قادیان تشریف لائے۔

مکرم سمیع اللہ قمر صاحب کو سپرد خاک کردیا گیا

☼ احباب جماعت کو اس سے قبل یہ اطلاع دی جاچکی ہے کہ مکرم سمیع اللہ قمر صاحب امیر و مشنری انچارج زمبابوے ابن مکرم عطاء اللہ صاحب سابق اسسٹنٹ مینیجر سندھ جیننگ اینڈ پریسنگ فیکٹری حال دارالعلوم وسطی ربوہ مورخہ 28 دسمبر 2003ء کو ہرارے زمبابوے میں ہارٹ اٹیک کی وجہ سے وفات پاگئے تھے۔ آپ فیملی سمیت زمبابوے میں خدمات بجالا رہے تھے۔ آپ کی میت مورخہ 11 جنوری 2004ء کو صبح کے وقت اسلام آباد پہنچی۔ بذریعہ ایمبولینس میت ربوہ لائی گئی۔ اسی روز آپ کی نماز جنازہ بیت مبارک میں بعد نماز عصر محترم مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ و امیر مقامی نے پڑھائی اور بہشتی مقبرہ میں تدفین کے بعد محترم صاحبزادہ صاحب موصوف نے ہی دعا کرائی۔

آپ مورخہ 31۔اگست 1952ء کو کنری سندھ میں پیدا ہوئے۔ کنری سے ہی میٹرک کا امتحان پاس کر کے 1969ء میں جامعہ احمدیہ ربوہ میں داخلہ لیا اور 1977ء میں جامعہ احمدیہ سے فارغ التحصیل ہونے کے بعد جل بھٹیاں ضلع جھنگ، ڈسکہ ضلع سیالکوٹ، سانگھڑ، بدین اور سکھر میں تقریباً 11 سال تک خدمت دین کی سعادت حاصل کی اور 1988ء میں بیرون پاکستان زیمبیا کیلئے روانہ ہوئے اور سوا دو سال بعد اپریل 1990ء میں آپ کا تبادلہ زمبابوے میں ہوا جہاں آپ نے بطور امیر و مشنری انچارج 13 سال کا عرصہ نہایت اخلاص اور جانفشانی سے خدمت دین کرتے ہوئے 28 دسمبر 2003ء کو وفات پائی۔ آپ کی فیملی کو

باقی صفحہ 8 پر ☜

جامعہ احمدیہ کینیڈا کا افتتاح

رپورٹ: مکرم محمد اکرم یوسف صاحب

7 ستمبر 2003ء جماعت احمدیہ کینیڈا کے لئے الٰہی بشارتوں کی مظہر ایک تابناک صبح تھی۔ بارگاہ ایزدی کے حضور حمد وشکر سے لبریز چہرے آج خوشی و مسرت سے تمتمار ہے تھے۔ مجلس شوریٰ کینیڈا 1994ء میں پیش کی جانے والی ایک تجویز آج ایک حقیقت بن کر ابھر چکی تھی۔ اس بابرکت افتتاحی تقریب کے لئے مسس ساگا میں موجود جامعہ احمدیہ کیمپس دلہن کی طرح سجایا گیا تھا۔ تقریب کا آغاز نماز ظہر وعصر کے بعد دو بجکر دس منٹ پر ہوا۔ جامعہ ہال کے سٹیج پر مکرم مولانا نسیم مہدی صاحب امیر ومشنری انچارج کینیڈا کے ساتھ مکرم مولانا مبارک احمد نذیر صاحب پرنسپل جامعہ احمدیہ کینیڈا، نائب امراء اور اساتذہ کے علاوہ مولانا داؤد حنیف صاحب مشنری نیو یارک محترم امیر صاحب امریکہ کی نمائندگی کر رہے تھے۔ سفید شلوار قمیص اور سیاہ رنگ کی واسکٹ میں ملبوس جب 25 خدام احمدیت قطار کی صورت میں داخل ہوئے تو جوش جذبات میں حاضرین نے نعرہ ہائے تکبیر بلند کئے۔

مکرم فرحان صاحب کی تلاوت قرآن کریم سے باقاعدہ تقریب کا آغاز ہوا۔ جس کے بعد عزیزم نوید منگلا صاحب اور سلمان طارق صاحب نے مل کر حضرت مسیح موعود کی نظم "محمود کی آمین" کے اشعار ترنم سے سنائے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس کا خصوصی پیغام

نظم کے بعد حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا اس موقع کے لئے خصوصی پیغام مکرم ومحترم امیر صاحب کینیڈا نے اردو اور انگریزی میں پڑھ کر سنایا جس کے بعد جماعت احمدیہ کینیڈا کے سیکرٹری تعلیم مکرم شیخ عبدالہادی صاحب نے ایک مختصر رپورٹ کے ذریعہ جامعہ احمدیہ کینیڈا کی ارتقائی منازل کا نقشہ کھینچا۔

جامعہ احمدیہ کے طلباء اور والدین کے تاثرات

رپورٹ کے بعد دو طلباء مکرم عثمان احمد شاہد صاحب نے انگریزی میں اور مکرم امتیاز احمد صاحب نے اردو میں بیان کیا کہ انہوں نے جامعہ احمدیہ میں داخلہ کیوں لیا۔ انہوں نے اپنی تقاریر میں اپنے جذبات، احساسات، ولولے اور دینی خدمات سے سرشار عزم بالجزم کا ذکر کیا۔ ان دو تقریروں کے بعد احباب و خواتین کی خدمت میں ریفریشمنٹ پیش کی گئی۔

ریفریشمنٹ کے وقفہ کے بعد تقریباً پونے چار بجے ایک طالب علم مکرم حامد ناصر ملک صاحب کے والد مکرم خالد محمود ملک صاحب نے بڑے جذباتی رنگ میں ان تمام دلچسپ، ایمان افروز واقعات اور احساسات کو بیان کیا جن سے گزر کر وہ اور ان کا فرزند اس منزل عزیز تک پہنچے۔

ان کے بعد جماعت احمدیہ امریکہ کی نمائندگی کرتے ہوئے محترم مولانا داؤد احمد حنیف صاحب مربی نیو یارک نے محترم امیر صاحب امریکہ کی طرف سے نیک خواہشات اور دعائیہ جذبات کا اظہار کیا۔

محترم مرزا محمد افضل صاحب مشنری مسس ساگا جنہوں نے جامعہ احمدیہ کی ترتیب وتشکیل کے مختلف مراحل میں بھرپور حصہ لیا۔ اس تقریب کے مقرر تھے۔ آپ نے بتایا کہ 26 اپریل 1989ء کو جامعہ احمدیہ کینیڈا کی یہ عمارت جماعت احمدیہ کی تحویل میں آئی۔ آپ نے فرمایا کہ یہی وہ نوجوان ہیں جو حضرت مسیح موعود کے پیغام کو انگریزی زبان میں پیش کرنے کی سعادت پائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ مجھے یقین ہے، کہ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ تعالیٰ کا وہ نعرہ: کہ خدا کرے کہ کینیڈا ساری دنیا ہو جائے اور ساری دنیا کینیڈا ہو جائے، کی ابتداء آج ہو رہی ہے اور وہ خلفائے احمدیت کی دعائیں اور ہدایات اس جامعہ احمدیہ کی ممد ومعاون ہیں۔

آپ کے خطاب کے بعد جامعہ احمدیہ کینیڈا کے پرنسپل و مربی مکرم مولانا مبارک احمد نذیر صاحب نے جامعہ احمدیہ کے آئندہ لائحہ عمل کے بارہ میں خطاب کیا۔ مکرم پرنسپل صاحب کی تقریر کے بعد جامعہ احمدیہ قادیان کی جھلکیوں پر مبنی تقریباً نصف گھنٹہ کی ایک ویڈیو دکھائی گئی۔

آخر میں مکرم مولانا نسیم مہدی صاحب امیر و مشنری انچارج کینیڈا نے حاضرین سے خطاب فرمایا۔ آپ نے اپنے خطاب میں جامعہ احمدیہ کے بنیادی سات مقاصد اور راہنما اصولوں پر روشنی ڈالی جن کا قرآن کریم میں ذکر کیا گیا ہے۔

آپ کے خطاب کے بعد ہر طالب علم کو تقرری کے خط کے ہمراہ قرآن کریم کا ایک ایک نسخہ تحفتاً پیش کیا گیا۔ ساڑھے پانچ بجے پرسوز دعاؤں کے ساتھ جامعہ احمدیہ کینیڈا کا افتتاح عمل میں آیا۔ الحمدللہ۔

مکرم امیر صاحب نے اس موقع پر اگلے سال جامعہ احمدیہ میں داخلہ لینے والے طلباء کا تعارف بھی کروایا۔ آپ نے فرمایا کہ خدا تعالیٰ کے فضل سے بڑے ذوق شوق اور ولولے کے ساتھ ایک کثیر تعداد میں نوجوان جامعہ احمدیہ میں داخلہ کے لئے آ رہے ہیں۔ امسال بھی کینیڈا کے علاوہ امریکہ اور انگلستان سے آنے والے طلباء نے بھی جامعہ احمدیہ میں داخلہ لیا ہے۔

جامعہ احمدیہ کے اول دستہ کے طلباء: جامعہ احمدیہ کینیڈا کے پہلے دستہ میں شامل ہونے کی سعادت پانے والے طلباء کے اسمائے گرامی درج ذیل ہیں:

عدنان احمد صاحب۔ عطاء المنان صاحب۔ محمد اعظم چوہدری صاحب۔ عظمت زہیری صاحب۔ بلال احمد بھٹی صاحب۔ فرحان احمد نصیر صاحب۔ احمد تمیم یوسف زئی صاحب۔ امتیاز احمد صاحب۔ مطیع اللہ محمد جوئیہ صاحب۔ محمد داؤد خالد صاحب۔ نوید احمد منگلا صاحب۔ محمد نعمان رانا صاحب۔ سلمان طارق صاحب۔ احمد سلمان شیخ صاحب۔ عمیر محمود چوہدری صاحب۔ عثمان احمد شاہد صاحب۔ ذوالفقار علی صاحب۔ طارق ہارون ملک صاحب۔ عطاء المحسن صاحب۔ طہٰ انور سید صاحب۔ طاہر محمود ناصر صاحب۔ زاہد احمد عابد صاحب۔ حامد ناصر ملک صاحب۔ فرحان اقبال صاحب اور عطاء المنعم ملک صاحب۔

جامعہ احمدیہ کا عملہ: جامعہ احمدیہ کے ابتدائی عملہ کے اسمائے گرامی درج ذیل ہیں۔

مکرم مولانا نسیم مہدی صاحب امیر و مشنری انچارج کینیڈا، مکرم مولانا مبارک احمد نذیر صاحب، پرنسپل جامعہ احمدیہ، مکرم مرزا محمد افضل صاحب مربی مسس ساگا، مکرم ملک لال خان صاحب، مکرم پروفیسر مبارک احمد انصاری صاحب، مکرم انصر رضا صاحب، مکرم مظفر احمد باجوہ صاحب، مکرم کلیم احمد ملک صاحب، مکرم شیخ عبدالہادی صاحب، مکرم فخر احمد اون صاحب اور مکرم حماد احمد صاحب۔

اس تاریخی افتتاحی تقریب میں کینیڈا کے دور دراز شہروں کے علاوہ امریکہ سے بھی معزز مہمان تشریف لائے۔ جماعت احمدیہ کینیڈا کے تمام مربیان حضرات نے اس تقریب میں شرکت کی۔ اس طرح اس سادہ اور پر وقار تاریخی تقریب میں سات سو سے زائد احباب وخواتین نے شمولیت کی اور سب کے چہرے خوشی اور مسرت سے تمتما رہے تھے اور وہ ایک دوسرے سے بغل گیر ہو کر مبارکباد دے رہے تھے۔

(احمدیہ گزٹ کینیڈا ستمبر و اکتوبر 2003ء)

خدا دیکھنے کا مطالبہ اور حضرت مسیح موعود کی انقلاب آفریں گفتگو

کپورتھلہ کی جماعت کے بانی اور گلستان احمدیت کے گل سرسبز حضرت منشی ظفر احمد صاحب کی ایک حقیقت افروز اور روح پرور روایت:-

"کلکتہ کا ایک برہمن مجسٹریٹ ...... قادیان آیا اور حضور کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کی کہ میں خدا کا قائل نہیں ہوں اور سنی سنائی باتوں پر یقین نہیں رکھتا کیا آپ مجھے خدا دکھا دیں گے ...... حضور نے فرمایا کہ آپ لندن گئے ہیں' اس نے کہا نہیں فرمایا لندن کوئی شہر ہے اس نے کہا ہے۔ سب جانتے ہیں۔ فرمایا آپ لاہور تشریف لے گئے ہیں۔ اس نے کہا میں لاہور میں بھی نہیں گیا۔ فرمایا قادیان آپ کبھی پہلے بھی تشریف لائے تھے۔ اس نے کہا نہیں۔ فرمایا کس طرح معلوم ہوا کہ قادیان کوئی جگہ ہے اور وہاں پر کوئی ایسا شخص ہے جو تسلی کرا سکتا ہے۔ اس نے کہا سنا تھا۔ آپ نے ہنس کر فرمایا

آپ کا سارا دارومدار سماعت پر ہی ہے اور اس پر پورا یقین رکھتے ہو۔

پھر آپ نے ہستی باری تعالیٰ پر تقریر فرمائی اور سامعین پر اس کا ایسا اثر ہوا کہ ایک کیفیت طاری ہوگئی"

جہاں تک برہمن مجسٹریٹ کا تعلق ہے اس نے جلدی سے یکہ منگوایا اور سوار ہو گیا۔ حضرت حکیم مولانا نور الدین صاحب نے فرمایا آپ ایسی جلدی کیوں جاتے ہیں اس نے جواب دیا۔

"میں (احمدی) ہونے کی تیاری کر کے نہیں آیا تھا اور مجھے پورا یقین ہے کہ اگر رات کو میں یہاں رہا تو صبح ہی مجھے (احمدی) ہونا پڑے گا۔

مجھے خدا پر ایسا یقین آ گیا ہے کہ گویا میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھ لیا ہے۔

میرے بیوی اور بچے ہیں ان سے مشورہ کر لوں اگر وہ متفق ہوئے تو پھر آؤں گا"

(رفقائے احمد جلد چہارم ص 113-114 مولفہ ملک صلاح الدین صاحب ایم اے طبع اول اکتوبر 1957ء)

پبلشر آغا سیف اللہ' پرنٹر قاضی منیر احمد مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے پچاس پیسے

اس سال حضور نے سیالکوٹ، لاہور اور گورداسپور کے سفر کئے اور لیکچر ارشاد فرمائے

سیدنا حضرت مسیح موعود کی ماموریت کا 23واں سال۔1904ء

مقدمہ سے اعجازی بریت اور بعض اعجازی نشانات

مرتبہ: حبیب الرحمٰن زیروی صاحب

(قسط سوم آخر)

وزیر آباد سے قادیان تک

گاڑی وزیر آباد اسٹیشن پر پہنچی تو زائرین کا پہلا سا ہجوم موجود تھا۔ حافظ غلام رسول صاحب نے حضور اور حضور کے ساتھیوں کی لیمونیڈ اور سوڈا واٹر سے دعوت کی۔ اسٹیشن پر ڈسکہ کے مشنری پادری اسکاٹ نے بھی ملاقات کی اور حضور نے ان سے تبادلہ خیالات فرمایا۔ گاڑی ہی میں بہت سے آدمیوں نے بیعت توبہ کی۔ حضور کی ریزرو گاڑی گورداسپور کی گاڑی سے لگائی گئی۔ کچھ دیر بعد گاڑی روانہ ہوگئی۔ واپسی پر ہر اسٹیشن پر وہی مجمع اور وہی رونق تھی جو آمد کے موقعہ پر دکھائی دی تھی۔ گاڑی مغرب کے بعد لاہور پہنچی جہاں جماعت لاہور نے استقبال کیا اور ڈاکٹر سید محمد حسین صاحب کی طرف سے حضرت اقدس اور حضور کے ہمراہیوں کو کھانا پیش کیا گیا۔ گاڑی لاہور سے روانہ ہو کر بٹالہ پہنچی۔ اسٹیشن سے اترتے ہی جماعت بٹالہ نے حضرت مسیح موعود اور حضور کے خدام کی دعوت کی اور سرائے متصل اسٹیشن میں قیام کا انتظام کیا۔ قادیان سے بہت سے خدام بٹالہ پہنچ گئے تھے۔ حضرت اقدس اور حضور کے دوسرے خدام 4 نومبر 1904ء بروز اتوار 12 بجے کے قریب بخیریت قادیان دارالامان میں پہنچ گئے۔

(تاریخ احمدیت جلد 2 ص 359 تا 370)

پادری اسکاٹ سے ملاقات

حضرت مفتی محمد صادق صاحب بیان کرتے ہیں:

جب حضرت مسیح موعود بمعہ خدام سیالکوٹ سے واپس قادیان کو آ رہے تھے اور آپ کی سیکنڈ کلاس گاڑی وزیر آباد اسٹیشن پر دوسری گاڑی کے ساتھ لگانے کے واسطے ایک سائڈ لائن پر کھڑی تھی۔ تو سیالکوٹ کے مشہور پادری سکاٹ صاحب وہاں آئے۔ اور موٹی پنجابی زبان میں نیچ قوموں کے لہجہ میں کہنے لگے:

''مرزا جی تساں میرا منڈ اکھولیا''

یعنی مرزا صاحب آپ نے میرا لڑکا چھین لیا۔ اس سے ان کی مراد شیخ عبدالحق صاحب بی، اے سے تھی۔ جو پہلے سے عیسائی ہوئے تھے۔ اور مشن کالج میں پڑھتے تھے۔ اور حضرت مسیح موعود کے ساتھ خط وکتابت کر کے قادیان آئے تھے۔ اور یہاں مومن ہو گئے تھے۔ اور کئی ایک رسالے کی تائید اور عیسائیت کی تردید میں شائع کئے تھے۔ حضرت مسیح موعود نے پادری صاحب کو مخاطب کر کے کہا۔ یہ زبان جو آپ بول رہے ہیں یہ شرفاء کی زبان نہیں۔ اس کے بعد وفات مسیح اور قبر مسیح کے متعلق کچھ باتیں ہوتی رہیں۔ لیکن جب پادری صاحب کی نگاہ شیخ یعقوب علی صاحب پر پڑی۔ کہ وہ اس گفتگو کو تحریر کر رہے ہیں۔ تو پادری صاحب بہت ہی گھبرائے اور شیخ صاحب کی منتیں کرنے لگے کہ یہ کوئی مباحثہ کی باتیں نہیں ہیں۔ معمولی طور پر دوستانہ گفتگو ہے۔ آپ اس کو ہرگز شائع نہ کریں۔ (ذکر حبیب صفحہ 125)

5 نومبر 1904ء:

5/نومبر 1904ء کو مسٹر اے، ای ہری صاحب ڈویژنل جج امرتسر کی عدالت میں مولوی کرم دین والے مقدمہ کے فیصلہ کے خلاف اپیل کی گئی جس پر حکام نے مستغیث کی مدد کے لئے سرکاری وکیل مقرر کر دیا اور دشمن کو وکیل کرنے کی بھی ضرورت نہ رہی۔ مگر خدائی بشارت کے عین مطابق ڈویژنل جج صاحب امرتسر نے بتاریخ 7 جنوری 1905ء حضرت اقدس کو ہر الزام سے بری کر دیا۔ فیصلہ کے مطابق 24 جنوری 1905ء کو جرمانہ واپس ہوا۔ جو مولوی محمد علی صاحب خواجہ کمال الدین صاحب اور شیخ یعقوب علی صاحب تراب نے گورداسپور کے سرکاری خزانہ سے وصول کیا۔

(تاریخ احمدیت جلد دوم صفحہ 294)

جلسہ سالانہ 1904ء

30,29 دسمبر 1904ء کو قادیان میں سالانہ جلسہ ہوا۔ حضرت مسیح موعود نے جلسہ سالانہ 1904ء کے موقع پر 29 دسمبر کو احباب جماعت سے خطاب فرمایا۔

30 دسمبر کو بیت اقصیٰ قادیان میں بعد نماز جمعہ بھی حضور اقدس نے احباب سے خطاب فرمایا۔

1904ء کے بعض رفقاء

حضرت چوہدری نصر اللہ خاں صاحب

ولادت 1863ء حضرت چوہدری صاحب کو ابتداء ہی سے سلسلہ سے محبت تھی۔ وہ اکثر مولوی عبدالکریم صاحب کے درس میں شامل ہوتے اور اس درجہ متاثر تھے کہ خود مولوی صاحب اکثر فرماتے تھے کہ یہ ہو نہیں سکتا کہ چوہدری صاحب اس سلسلہ سے علیحدہ رہیں۔ مولوی مبارک علی صاحب کے خلاف احمدی ہونے کے باعث ایک مقدمہ دائر ہوا اور جماعت سیالکوٹ نے چوہدری صاحب کو وکیل مقرر کیا۔ مقدمہ کی پیروی کی خاطر آپ کو حضرت مسیح موعود کے لٹریچر کا تفصیلی مطالعہ کرنا پڑا۔ اور آپ بڑے متاثر ہوئے۔ 1904ء میں آپ کو سیدنا حضرت مسیح موعود کی طرف سے مولوی کرم دین صاحب والے مقدمہ میں بطور گواہ صفائی بھی طلب کیا گیا جہاں انہیں پہلی بار حضرت مسیح موعود کی خدمت میں شرف باریابی حاصل ہوا اور آپ بہت خوشگوار اثر لے کر واپس آئے۔ اور بالآخر حضور کے قیام سیالکوٹ کے دوران بیعت کر لی۔ (آپ کی اہلیہ محترمہ نے اپنے کشف کی بناء پر چند دن پہلے بیعت کرنے کی سعادت پائی) بیعت کے بعد چوہدری صاحب میں ایک عظیم روحانی انقلاب پیدا ہوگیا۔ آپ 1917ء میں اپنی کامیاب وکالت چھوڑ کر قادیان تشریف لے آئے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے نظارت علیا کے علاوہ صیغہ بہشتی مقبرہ کے فرائض سپرد فرمائے۔ اس منصب کو آپ نے آخری دم تک آنریری طور پر نہایت خوش اسلوبی سے نبھایا۔ اکیرن کے معرکہ شدھی میں بھی آپ کو حصہ لینے کا شرف حاصل ہوا۔ 1924ء میں حج سے مشرف ہوئے آپ کا ایک علمی کارنامہ یہ ہے کہ آپ نے حضرت مسیح موعود کی بہت سی کتب کے جامع انڈکس تیار کئے۔ 2 ستمبر 1926ء کو جب کہ آپ اپنے قابل فخر اور لائق فرزند چوہدری محمد ظفر اللہ خان صاحب کے ہاں لاہور میں مقیم تھے انتقال فرما گئے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کو آپ کے وصال کی خبر ڈلہوزی میں ملی جس پر حضور قادیان تشریف لائے اور 4 ستمبر 1926ء کو جنازہ پڑھایا اور چارپائی کو اٹھا کر لحد تک لے گئے اور آپ کی نعش کو مقبرہ بہشتی کی خاک کے سپرد کیا۔ بعد ازاں خود اپنے ہاتھ سے کتبہ کی عبارت تحریر فرمائی جس میں لکھا۔ نہایت شریف الطبع، سنجیدہ مزاج، مخلص انسان تھے۔ بہت جلد جلد اخلاص میں ترقی کی۔ بڑی عمر میں قرآن کریم حفظ کیا۔ آخر میری تحریک پر وکالت کا پیشہ جس میں آپ بہت کامیاب تھے ترک کر کے دین کے کاموں کے لئے بقیہ زندگی وقف کی اور اعلیٰ اخلاص کے ساتھ جس میں خدا تعالیٰ کے فضل سے ہمیشہ ترقی ہوتی گئی۔ قادیان آ بیٹھے۔ اسی دوران میں حج بھی کیا۔ میں نے انہیں ناظر اعلیٰ کا کام سپرد کیا تھا جسے انہوں نے نہایت محنت اور اخلاص سے پورا کیا۔ اللہ تعالیٰ کی رضا کے ساتھ میری خوشنودی اور احمدی بھائیوں کا فائدہ اور ترقی کو ہمیشہ مدنظر رکھا۔ ساتھ کام کرنے کی وجہ سے میں نے دیکھا کہ نگاہ دور بین تھی۔ باریک اشاروں کو سمجھتے اور ایسی نیک نیتی کیساتھ کام کرتے کہ میرا دل محبت اور قدر کے جذبات سے بھر جاتا تھا اور آج تک ان کی یاد دل کو گرما دیتی ہے۔

حضرت ماسٹر مولا بخش صاحب

ولادت 1876ء۔ مدرسہ احمدیہ کے قدیم اساتذہ میں سے تھے۔ خاندان حضرت مسیح موعود کے کئی بچوں کو پرائیویٹ ٹیوٹر کی حیثیت سے پڑھاتے رہے۔ 21/اکتوبر 1949ء کو جب ربوہ میں لوئر مڈل سکول کی ابتداء ہوئی تو آپ اس کے سب سے پہلے ہیڈ ماسٹر بنے 9/اگست 1950ء کو حرکت قلب بند ہونے سے وفات پائی۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے ان کی وفات پر خطبہ جمعہ میں فرمایا ماسٹر مولا بخش صاحب ان بزرگوں میں سے تھے جو استثنائی ہوتے ہیں۔ باوجود اندھے ہوجانے کے ان کا پڑھانے کا شوق نہیں جاتا تھا۔ جہاں بھی خدمت کا کوئی موقعہ نکلتا وہ اپنے آپ کو اس کے لئے پیش کر دیتے۔ باوجود زور دینے کے میں نے دیکھا ہے کہ وہ پیسے نہیں لیتے تھے۔ میری بچیوں کو بھی انہوں نے پڑھایا ہے مگر باوجود زور دینے کے انہوں نے پیسے نہیں لئے...... حالانکہ میں جانتا ہوں کہ ان کی مالی حالت بہت کمزور تھی۔

حضرت ماسٹر صاحب کے ایک فرزند مولوی عطاء

الرحمٰن صاحب طالب تھے جو عرصہ دراز تک سلسلہ کے مرکزی اداروں میں تعلیمی خدمات بجالاتے رہے اور 24 ظہور / اگست 1963ء / 1342ہش کو انتقال کر گئے۔ دوسرے فرزند مولوی عبدالقادر صاحب ضیغم تھے جو سالہا سال تک امریکہ میں مربی اور پھر نائب وکیل التبشیر رہے۔

حضرت سید دلاور شاہ صاحب بخاری

وفات 6 / جون 1944ء کئی سال تک اخبار "سن رائز" میں قلمی خدمات بجالائے۔ ایک اچھی ملازمت آپ نے قومی خدمت کی خاطر ترک کر دی۔ راجپال کے مقدمہ میں آپ نے "مسلم آؤٹ لک" کے ایڈیٹر کی حیثیت سے ہائی کورٹ کے فیصلہ پر بڑی جرأت سے تبصرہ کیا جس پر آپ کو چھ ماہ قید کی سزا دی گئی۔ نہایت قانع بزرگ تھے اور مذہبی مسائل پر تقریر کرنے کا خاص سلیقہ اور جوش رکھتے تھے۔

حضرت چوہدری غلام محمد صاحب پوہلہ مہاراں

صاحب کشف والہام تھے۔ جب سے سیالکوٹ میں ضلع وار نظام قائم ہوا وہ اپنے حلقہ میں بیس اکیس جماعتوں کے امیر رہے۔ خلافت ثانیہ کی بیعت میں آپ کی مسابقت سے دوسرے احباب کو بھی خلافت سے وابستہ ہونے کی توفیق ملی۔ 31 / دسمبر 1960ء کو انتقال فرمایا اور بہشتی مقبرہ ربوہ میں دفن ہوئے۔

حضرت شیخ فضل احمد صاحب بٹالوی

ولادت غالباً 1883ء دستی بیعت 1907ء۔ وفات 30 ظہور / اگست 1968ء / 1347ہش۔ 1923ء میں جہاد ملکانہ میں شرکت کی۔ ستمبر 1935ء کے قریب ملازمت سے پنشن یاب ہو کر مستقل طور پر قادیان آ گئے اور 1936ء سے 1950ء تک سلسلہ کے متعدد انتظامی اداروں میں خدمات بجا لاتے رہے۔ حضرت خلیفہ اول کو آپ سے بہت محبت تھی۔ بہت دعاگو اور حلیم الطبع بزرگ تھے۔

(تفصیلی حالات کے لئے ملاحظہ ہو۔ رفقاء احمد جلد سوم طبع دوم مرتبہ ملک صلاح الدین صاحب ایم اے دسمبر 1969ء)

سابق والی قلات میر خداداد خاں صاحب

(ولادت 1255ھ / 40-1839ء)۔ میر احمد خاں دوئم بادشاہ اورنگ زیب کے ہمعصر اور قلات میں براہوئی سلطنت کے بانی تھے۔ میر خداداد خاں صاحب اسی مرد جری کی نسل میں سے تھے۔ آپ کے والد کا نام میر محراب خان دوم تھا۔ آپ 1857ء کے دوران تخت نشین ہوئے اور سترہ سال تک خطرات میں محصور رہے اور قبائلی سرداروں کی لگاتار بغاوتوں کو فرو کرتے رہے۔ آپ کی شاہی انگشتری میں "خدادادگان راخداداده" اور "دین ودنیا مراخداداد است" کے الفاظ نقش تھے آپ واحد خان تھے جنہوں نے ریاست میں باقاعدہ فوج اور مرکزی خزانہ کی ضرورت محسوس کی۔ زمانہ حال کے بعض مورخین کے نزدیک "ہمت، استقلال، خلوص، فراست آپ کی سیاسی کشتی کے چپو تھے"

آپ نماز اور دیگر مذہبی فرائض کی ادائیگی بہت التزام واہتمام سے کرتے تھے اور عالمانہ مذاق رکھتے تھے۔ آپ 37 سال تک حکمران رہے۔ اور بلوچستان کے انگریز ایجنٹ گورنر جنرل کی سازش سے مارچ 1892 میں معزول کر دیئے گئے اور تاج شاہی اگلے سال 10 / نومبر 1893ء کو ان کے بیٹے محمود خان کو پہنا دیا گیا۔ آپ نے 20 / مئی 1909ء کو پشین میں داعی اجل کو لبیک کہا اور اسی جگہ سپرد خاک کئے گئے۔ آپ ایک عام خشتی گنبد کے نیچے ایک سادہ سی قبر میں مدفون ومکنون ہیں۔

1904ء کی تصنیفات

چونکہ 1904ء کا اکثر حصہ مولوی کرم الدین والے مقدمہ میں مصروف رہنے کی وجہ سے عموماً سفروں میں گزرا۔ اس لئے اس سال تصانیف کا سلسلہ بند ہی رہا۔ لیکن گھر سے باہر رہنے کی وجہ سے حضور کو اپنے رفقاء کی تربیت کا موقعہ خوب ملا۔ چنانچہ جتنی روایات ہم حضور کے رفقاء سے اس زمانہ سے متعلق سنتے ہیں۔ اتنی دوسرے زمانوں کی نسبت سننے میں نہیں آتیں۔ باوجود اس کے اس سال میں بھی حضور کے دو عظیم الشان لیکچر جو "لیکچر لاہور" اور "لیکچر سیالکوٹ" کے ناموں سے موسوم ہیں۔ شائع ہوئے۔

(حیات طیبہ صفحہ 284)

حضرت اقدس کی تقریریں

جلسہ سالانہ 1904ء کے موقعہ پر حضرت مسیح موعود نے جو پر معارف تقریریں فرمائیں وہ بعد کو "حضرت اقدس کی تقریریں" کے نام سے شائع کی گئیں۔ ان تقاریر میں حضور نے حقیقت دعا، صحبت صادقین کی ضرورت اور دین کو دنیا پر مقدم رکھنے کی تاکید فرمائی۔ (تاریخ احمدیت جلد دوم صفحہ 371)

حضرت مفتی صاحب کے لئے دعا

ایک دفعہ 1904ء میں حضرت مفتی محمد صادق صاحب بہت بیمار ہو گئے تھے۔ اور اس بیماری کی حالت میں ایک وقت تنگی اور تکلیف کا ان پر ایسا وارد ہوا۔ کہ ان کی بیوی مرحومہ نے سمجھا کہ ان کا آخری وقت ہے۔ وہ روتی چیختی حضرت مسیح موعود کی خدمت میں پہنچیں۔ حضور نے تھوڑی سی مشک دی۔ کہ انہیں کھلاؤ۔ اور میں دعا کرتا ہوں۔ یہ کہہ کر اسی وقت وضو کر کے نماز میں کھڑے ہو گئے۔ صبح کا وقت تھا۔ حضرت مفتی صاحب کو مشک کھلائی گئی۔ اور ان کی حالت اچھی ہونے لگ گئی۔ اور تھوڑی دیر میں طبیعت سنبھل گئی۔ (سیرت مسیح موعود صفحہ 510)

اپنے گھر اور ماحول کو صاف ستھرا رکھیں اور کوڑا کرکٹ ڈسٹ بن میں پھینکیں۔

مکرم محمد رمضان صاحب

محترم نواب عباس احمد خان صاحب کا ذکر خیر

محترم نواب عباس احمد خان صاحب کو حضرت مسیح موعود کی پاکیزہ اولاد میں سے ہونے کا شرف حاصل ہے۔ آپ 20 جون 1920ء کو حضرت سیدہ نواب امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ اور حضرت نواب محمد عبداللہ خان صاحب کے گھر پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم قادیان سے حاصل کی۔ 1946ء تک انہیں ایک خادم کی حیثیت سے جماعت کی خدمت کی توفیق ملی۔ 1946ء میں آپ قادیان کے پہلے قائد مقامی منتخب ہوئے۔ انہوں نے اپنے تئیں دین کیلئے وقف کر رکھا تھا۔

29 دسمبر 1944ء کو ان کا نکاح صاحبزادی امۃ الباری بیگم صاحبہ بنت حضرت مرزا شریف احمد صاحب سے حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے پڑھا۔ حضور نے خطبہ مسنونہ کی تلاوت کے بعد فرمایا کہ عزیز عباس احمد خان ہمارے خاندان میں سے دوسرا بچہ ہے جو حقیقی طور پر دین کی خدمت کرنے کے لئے تیاری کر رہا ہے اور اس نے اپنی زندگی دین کے لئے وقف کی ہوئی ہے...... اور اس عزم اور ارادہ کے ساتھ باقاعدہ دینی تعلیم حاصل کر رہا ہے۔ (بحوالہ خطبات محمود جلد 3 صفحہ 605-606)۔

قیام پاکستان کے بعد آپ لاہور منتقل ہو گئے اور ذاتی کاروبار کرتے رہے لیکن دین کی خدمت کے کام کو کسی نہ کسی رنگ میں جاری رکھا۔ وہ دین کے ایک سچے خادم تھے اور ساری زندگی جماعت سے پوری طرح وابستہ رہے خلیفہ وقت سے پوری پوری وفاداری اور ان کی فرمانبرداری ان کا نصب العین تھا۔ وہ اپنی زندگی میں کئی بار جلسہ سالانہ میں شمولیت اور حضور سے ملاقات کی غرض سے لندن گئے۔ وہ جماعت کے بزرگوں کی بڑی عزت کیا کرتے تھے۔ ان کا یہ معمول تھا کہ جب مرکز سے یا مقامی طور پر کوئی عالم دین انہیں ملنے آتے تو بڑی خندہ پیشانی سے ان کا استقبال کرتے اور پھر انہیں اپنی کار میں بٹھا کر اپنے گھر لے جاتے اور اپنے ساتھ کھانا کھلاتے ان کی بڑی قدر و منزلت کرتے۔

ان میں پیغام حق پہنچانے کا بھی بڑا جذبہ پایا جاتا تھا۔ وہ اپنے دوست احباب جو انہیں ملنے آتے ان سے بڑے پیار اور محبت کے لہجہ میں گفتگو کرتے اور اپنا موقف بیان کرتے ان کی باتوں کو بڑی توجہ سے سنتے اور ان کی اچھی باتوں کو بڑی وقعت دیتے۔ وقف عارضی کی غرض سے اکثر سفر کیا کرتے تھے۔ وہ بڑے علم دوست تھے انہیں دینی کتابیں پڑھنے اور لکھنے کا بڑا شوق تھا۔ انہوں نے اپنے ہاں ایک کمرہ مخصوص کر کے ایک چھوٹی سی لائبریری بنا رکھی تھی۔ اس میں علاوہ ازیں دوسری کتب کے ان کی سلسلہ کے لئے لکھی ہوئی اپنی کتب بھی استفادہ عام کے لئے موجود رہتی تھیں۔

جیسا کہ اوپر لکھا جا چکا ہے ان میں پیغام حق پہنچانے کا جذبہ بدرجہ اتم موجود تھا اس بارہ میں "دخت کرام" کے فاضل مصنف نے اپنی کتاب کے صفحہ 114 پر نواب صاحب موصوف کی دعوت الی اللہ کے ذوق وشوق کے متعلق حضرت شیخ یعقوب علی عرفانی کا ایک مشاہدہ درج کیا ہے وہ فرماتے ہیں کہ "صاحبزادہ عباس احمد خان صاحب سرگوبند پور میں .... کے لئے گئے ہوئے تھے۔ ان کا ہیڈ کوارٹر "ماڑی بچیاں" نامی ایک گاؤں تھا۔ دیکھنے والوں نے دیکھا کہ یہ امیر ابن امیر کا نونہال جو ناز ونعمت کے گہوارے میں پرورش پائے ہوئے تھا۔ دھوپ کی بھی پرواہ نہ کرتا ہوا گاؤں گاؤں شوق .... میں پھرتا تھا اور کبھی اگر کھانا نہ ملا تو چنے چبا کر گزارہ کر لیتا تھا"۔

آپ پنجگانہ نمازیں بیت الحمد میں ادا کرنے کے عادی تھے اسی طرح چندہ جات کی بروقت ادائیگی میں کوشاں رہتے آپ میں چند ایک خوبیاں نمایاں تھیں وہ بڑے مدبر اور صائب الرائے انسان تھے۔ بڑے ہنس مکھ اور اعلیٰ درجہ کے مہمان نواز، رحم دل اتنے کہ اگر کسی ملازم سے کوئی غلطی سرزد ہو جاتی تو وہ اسے تنبیہہ کر کے معاف فرما دیتے تھے۔

طبیعت میں بڑی عاجزی اور انکساری پائی جاتی تھی ان کا لین دین بڑا صاف ستھرا تھا نیز وہ وقت کے بڑے پابند تھے۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں نیک طینت، خدا پرست اور سراپا شفقت، اہلیہ صاحبہ سے 5 نیک سیرت بیٹے اور ایک بیٹی عطا فرمائی جو اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے اپنے گھروں میں آباد ہیں۔ اللہ تعالیٰ انہیں اپنی رضا کی راہوں پر چلائے آمین۔

آپ کی وفات 2 جنوری 2003ء کو عمر ہسپتال جیل روڈ لاہور میں ہوئی اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے آپ موصی تھے۔ چنانچہ آپ کا جنازہ ربوہ لے جایا گیا جہاں بہشتی مقبرہ میں ان کی تدفین ہوئی۔ اللہ تعالیٰ کے حضور دعا ہے کہ وہ ان کی دینی خدمات کو قبول فرمائے اور محض اپنے فضل وکرم سے انہیں جنت الفردوس میں داخل فرمائے۔ (آمین)

تحریک جدید کے شیریں ثمرات

○ اللہ تعالیٰ کے فضل سے تحریک جدید کے ذریعہ اکناف عالم کے 176 ممالک میں جماعت مستحکم ہو چکی ہے۔ اس کے مزید شیریں ثمرات میں سے یہ قابل ذکر ہے کہ ممالک بیرون میں 57 زبانوں میں تراجم قرآن مجید کا تحفہ دین حق کی مقبولیت اور اشاعت کا باعث ہو رہے ہیں۔ اس اعتبار سے تحریک جدید کی مالی قربانی صدقہ جاریہ ہے ہر فرد جماعت پر اس عظیم الشان ثواب حاصل کرنے کا اہتمام لازم ہے۔

(وکیل المال اول تحریک جدید ربوہ)

مرسلہ: نظارت تعلیم القرآن

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کے ارشادات کی روشنی میں

تحریک وقف عارضی کی اہمیت وضرورت

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے 1966ء میں جب وقف عارضی کی مبارک تحریک جاری فرمائی تو آپ نے اس کی اہمیت بیان کرتے ہوئے جو ارشادات فرمائے وہ بغرض یاددہانی قارئین کرام کے لئے پیش ہیں:

وقف عارضی کی ضرورت

''عارضی وقف کی ضرورت بہت ہے۔ بات یہ ہے کہ جماعت کا ایک حصہ بھول گیا ہے کہ افراد جماعت خودمربی سلسلہ ہیں اور مربیوں کی تعداد میں جو تھوڑا سا اضافہ ہوا ہے وہ کافی نہیں۔ جماعت سمجھتی ہے کہ اصلاح وارشاد کا کام مربیوں کا ہے حالانکہ ہر احمدی کو بڑی توجہ کے ساتھ اصلاح وارشاد کا کام کرنا چاہئے یہ توجہ پیدا کرنے کے لئے اور جماعت میں اصلاح وارشاد کا شوق پیدا کرنے کے لئے میں نے عارضی وقف کی سکیم جاری کی ہے۔ اس میں روحانی فوائد بھی ہیں اور جسمانی فوائد بھی''۔ (الفضل 3 نومبر 1971ء)

وقف عارضی اصلاح نفس کا ذریعہ ہے

''تحریک وقف عارضی کا دوسرا بڑا فائدہ یہ ہے کہ جو لوگ وقف عارضی پر جاتے ہیں ان کو اپنے نفس کا بعض پہلوؤں سے محاسبہ کرنا پڑتا ہے۔ جانے سے قبل انہیں اپنی بعض کمزوریوں کی طرف توجہ ہو جاتی ہے اور دعاؤں کی طرف ان کی توجہ مائل ہو جاتی ہے۔ یعنی وقف عارضی پر جانے کی جو تیاری ہے اس کا بڑا حصہ یہ ہے کہ وہ دعاؤں کی طرف متوجہ ہوتے اور اپنی دینی معلومات میں اضافہ کرتے یا انہیں تازہ کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ جانے سے پہلے کتب کا زیادہ مطالعہ کرتے ہیں اور کچھ کتب اپنے ساتھ لیجاتے ہیں۔ وہ سوچتے ہیں اور اپنی غفلتوں اور کمزوریوں پر نگاہ رکھتے ہوئے انہیں دور کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ ان کے اندر یہ جذبہ پیدا ہوتا ہے کہ وہ دوسری جگہ جائیں تو لوگوں کے لئے نیک نمونہ بنیں، ان کے لئے ٹھوکر کا باعث نہ بنیں۔ چنانچہ وقف عارضی کے وفود نے دعاؤں کی برکات سے بہت فائدہ اٹھایا ہے''

(الفضل 12 فروری 1977ء)

وقف عارضی کا مقصد قرآن کریم سکھانا ہے

''وقف عارضی کی جو تحریک ہے اس کا بڑا مقصد بھی یہ تھا اور ہے کہ دوست رضا کارانہ طور پر اپنے خرچ پر مختلف جماعتوں میں جائیں اور وہاں قرآن کریم سیکھنے سکھانے کی کلاسز کو منظم کریں اور منظم طریق پر وہاں کی جماعت کی اس رنگ میں تربیت ہو جائے کہ وہ قرآن کریم کا جوا بشاشت سے اپنی گردن پر رکھیں اور دنیا کے لئے ایک نمونہ بن جائیں''۔

(الفضل 14 مئی 1966ء)

وقف عارضی کی کم ازکم مدت دوہفتہ

''میں جماعت میں تحریک کرتا ہوں کہ وہ دوست جن کو اللہ تعالیٰ توفیق دے سال میں دوہفتہ سے چھ ہفتہ تک کا عرصہ دین کی خدمت کے لئے وقف کریں اور انہیں جماعت کے مختلف کاموں کے لئے جس جس جگہ بھجوایا جائے وہاں وہ اپنے خرچ پر جائیں۔ اور ان کے وقف شدہ عرصہ میں سے جس قدر عرصہ انہیں وہاں رکھا جائے اپنے خرچ پر رہیں اور جو کام ان کے سپرد کیا جائے بجالانے کی پوری کوشش کریں''۔

(الفضل 23 مارچ 1966ء)

باہمی جھگڑوں کو نپٹانا

